کی خدمت میں پیش کیا ہے۔جس میں ایک طرف دشمن کو زیر کرنے کا طریقہ تو دوسری طرف کسی کے دل میں چھپی ہوئی نفرت کو محبت میں تبدیل کرنے کے گر سکھائے گئے ہیں۔اس کتاب میں مصنف نے مثبت فکر اور رویہ پیدا کرنے کی بنیادی ماخذ پر بحث کی ہے۔اس کتاب کے ہوتے ہوئے آپکے پاس ناکام رہنے یا مایوس ہونے کا کوئی جواز نہیں۔اسلوب نگارش شائستہ' انداز بیاں شگفتہ اور زیور طباعت سے آراستہ و پیراستہ ہے۔حسن طباعت ایمل پبلشرز کے روح رواں جناب شاہد اعوان کے حسن ذوق کے آئینہ دار ہیں۔ایمل پبلشرز اسلام آباد سے مناسب قیمت میں دستیاب ہے۔(م۔ا۔غ)

● قرآن نمبر: اشاعت خصوصی ماہنامہ ''شمس الاسلام'' بھیرہ

مولانا ظہور احمد بگوی نور اللہ مرقدہ خاندان بگویہ کے ایک ایسے چشم و چراغ تھے جن کو امت مسلمہ کے تمام معاملات میں خداداد بصیرت حاصل تھی وہ تاریخ اسلام کے ساتھ ساتھ امت مسلمہ کی عظمت رفتہ اور شکوہ و حشمت جسکا مشاہدہ چشم فلک نے صدیوں تک کیا ان کے علم میں تھی ۔ زیر تبصرہ خصوصی اشاعت ''قرآن نمبر'' جو بلند پایہ مصنفین اور قلم کاروں کے وقیع مضامین اور مقالات پر مشتمل ہے یہ نمبر قرآن کی عظمت اور جلالت اور اس کے علوم اور معارف کا جامع تعارف ہے ۔ اللہ کرے یہ قرآن نمبر تصورات کا رخ موڑے اور مسلمانوں کے دلوں میں ایک انقلاب برپا کرے اور ہر انسان کو قرآن کریم پڑھنے سمجھنے اور اسکی تعلیمات پر عمل کرنے کا خوگر بنادے۔ 175 صفحات پر مشتمل یہ خصوصی اشاعت دفتر ماہنامہ شمس الاسلام شارع بگویہ بھیرہ 40540 ضلع سرگودھا سے دستیاب ہے جسکی قیمت 75روپے ہے۔

● اے میرے لخت جگر!..........مرتب: ابوعثمان ماسٹر عبدالرؤف

قلم و کتاب سے دلچسپی رکھنے والے اہل ذوق کو دوران مطالعہ بعض ایسے جملے اور واقعات نظر سے گزرتے ہیں جو انہی کے قلب و جگر میں انقلاب کا ایک پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے اور وہی چند سطور انسانی زندگی میں ایک انقلاب بپا کردیتا ہے۔تاہم اگر ان چند سطور کو قلمبند کیا جائے اور پھر اسے ترتیب دے کر دوسروں کو مستفید کرانے کیلئے اسے شائع کردیا جائے تو پھر یہی گلہائے رنگارنگ اور علمی وادبی تراشے اور اقوال زرین آئندہ نسلوں کے لئے کارآمد ثابت ہوسکیں گے۔اور نوجوان نسل اس سے اپنی زندگیوں میں تبدیلی لائیں گے۔علم وادب سے دلچسپی رکھنے والوں کا یہی طرہ امتیاز ہے کہ وہ اپنے ''حاصل مطالعہ'' چنیدہ اور شنیدہ نکات کو زیب قرطاس کردیتے ہیں' اور اپنے حاصل مطالعہ کو قلمبند کرکے آئندہ نسلوں تک پہنچانے کا جذبہ اور لولہ قابل صد تحسین بھی ہے اور یہ سلسلہ عرصہ سے جاری ہے اور اس میں فہرست مزید اضافہ ہورہا ہے۔محترم جناب ماسٹر عبدالرؤف صاحب کی کتاب ''اے میرے لخت جگر!'' اس فہرست میں ایک حسین' خوبصورت اور قابل دیدنی اضافہ کی حیثیت رکھتی ہے یہ ایک کہنہ مشق صاحب قلم کا ایک غیر معمولی انتخاب ہے' کتاب کا ورق ورق مرتب کے وسعت مطالعہ اور بھرپور سعی کا عکاس ہے ہر کوئی اپنے ذوق کے مطابق اس تراشے ہوئے جواہرات سے استفادہ کرسکتا ہے' تمام مواد باحوالہ اور مستند لٹریچر سے ماخوذ ہیں جو اس کی افادیت کو دوبالا کردیتا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسکو قبولیت عامہ نصیب فرمائے۔ 296 صفحات پر مشتمل یہ کتاب' مکتبہ صفدریہ نزد مدینہ مسجد ماڈل ٹاؤن بہاولپور سے دستیاب ہے۔ 0334-7045126-0301-7790908